33613 ـ قربانی ذبح کرنے والے وکیل پرچاند نظر آنے کے بعد سرمنڈانے میں کوئي حرج نہیں

سوال

جب کوئي شخص مجھے اپنی قربانی ذبح کرنے میں وکیل بنائے توکیا چاندنظرآنے کےبعد میرے لیےبال مونڈنے جائز ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جی ہاں ایسا کرنا جائز ہے ، اس لیے کہ بال اورناخن کاٹنے کی حرمت توصرف قربانی کرنے والے ساتھ خاص ہے ، اورقربانی کرنے والے وہ ہے جس نے اپنے مال سے قربانی خریدی ہے ، اورجسے ذبح کرنے کا وکیل بنایا جائے اس پراس طرح کی کوئي چیز لازم نہیں آتی ۔

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

وکیلوں پرکچھ نہیں کیونکہ وہ قربانی ذبح کرنے والے نہیں ہیں ، بلکہ قربانی والے تووہ ہیں جنہوں نے انہیں وکیل بنایا ہے یعنی ان کے موکل ۔ اھـ

دیکھیں : فتاوی اسلامیۃ (2 / 316) ۔

واللہ اعلم .